مختصر ہونے کے باوجود اپنے مشمولات کے اعتبار سے ''فاتحہ خلف الامام'' کے مسئلے کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے قاری کو مسئلہ فاتحہ خلف الامام سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ ہم محترم رانا محمد شفیق خاں پسروری صاحب کی خدمت عالیہ میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں جنہوں نے اس کی اشاعت کا اہتمام کروایا اور امید رکھتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی اپنے والد مکرم مولانا محمد رفیق خاں مرحوم کی ایسی نایاب کتب کی اشاعت کا اہتمام کریں گے۔

سپنوں کا شہزادہ

مصنف: محمد طاہر نقاش

صفحات: 231

قیمت: 100 روپے

ناشر: دارالابلاغ، پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز لاہور پاکستان

محمد طاہر نقاش ہمارے صحافتی حلقوں کا خاصہ معروف نام ہے۔ ان کے شگفتہ، سلیس اور پر بہار قلم سے کئی دینی، اصلاحی اور تحقیقی کتب احاطہ تحریر میں آ کر اہل علم سے داد تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ وہ اچھوتے موضوعات کی جستجو میں رہتے ہیں اور ان عنوانات پر ان کا رواں قلم خوب چوکڑیاں بھرتا ہے۔ پیش نگاہ کتاب ان کے قلم کی قابل قدر کاوش ہے اس میں اس تلخ حقیقت کو طشت از بام کیا گیا ہے کہ جس سے نہ صرف یہ کہ معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو گیا ہے بلکہ اس سے بڑے بڑے ذی وقار خاندان اپنی خاندانی شرافت اور عزت کھو بیٹھے ہیں۔ یہ کتاب نہ تو کوئی افسانہ اور نہ ناول، اس کا مرکزی مضمون عورت کی ''عفت و عصمت'' کی حفاظت ہے۔ لائق مصنف نے قرآن وسنت سے دلائل پیش کر کے یہ ثابت کیا کہ عورت ''شمع محفل'' بننے کی بجائے ''چراغ خانہ'' بن کر رہے اسی میں اس کی بہتری ہے اور اسلام بھی عورت سے اسی چیز کا متقاضی ہے۔ اس ضمن میں ان لڑکیوں کے واقعات بھی بیان کئے گئے ہیں جو آئیڈیل کی تلاش میں ٹیلیفون پر عشق فرماتی ہیں اور آخر یہ کھیل ان کی بربادی پر منتج ہوتا ہے۔ پھر یہ لڑکیاں معاشرے میں جس ذلت و رسوائی کی زندگی گزارتی ہیں وہ ایک نہایت دردناک اور تلخ حقیقت ہے۔ ان واقعات کو پڑھ کر عبرت پکڑنی چاہئے اور اللہ کے حضور استغفار کرنا چاہئے کہ اللہ ایسے برے وقت سے بچائے۔ کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے فکر انگیز ہے اس میں آئیڈیل مرد و زن کی خوبیاں، خواتین کیلئے پردے کے احکام، تقویٰ پرہیزگاری، عورت کیلئے آواز کا پردہ، ٹیلی فون کے بے جا استعمال کی فتنہ انگیزیاں، ٹیلی فون کے آداب اور سپنوں کے شہزادے کی خواہش مند دوشیزہ کیلئے نصیحتیں اور ہدایات، جیسے عنوانات پر بہت عمدگی سے گفتگو کی گئی ہے۔ اسے پڑھ کر اسلامی تعلیم سے متعلق خوبصورت نقش ابھر کر سامنے آتا ہے۔ اصلاح معاشرہ کیلئے ایسی کتب کی بڑی اشد ضرورت ہے اور ایسی کتب کو زیادہ سے زیادہ پھیلانا چاہئے۔

تحفہ برائے خواتین

مصنف: ڈاکٹر صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

مترجم: ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس مبارکپوری

اعداد و اضافہ: روبینہ نقاش

صفحات: 176

قیمت: 70 روپے

ناشر دارالابلاغ لاہور

اسلام نے عورت کو جو بلند پایہ مقام عطا کیا ہے اس کی دیگر مذاہب میں مثال نہیں ملتی۔ اسلام نے زندگی کے ہر موڑ پر عورت کو پیش نگاہ رکھا ہے اور احکام و مسائل اور حقوق و معاملات سے اسے آگاہ کیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ''تحفہ برائے خواتین'' ڈاکٹر صالح بن فوزان کی بلند پایہ علمی تصنیف ہے۔ اس میں خواتین سے متعلق مخصوص مسائل قرآن وسنت سے بیان کئے گئے ہیں۔ کتاب علمی اعتبار سے بہت عمدہ ہے محترمہ روبینہ نقاش نے بعض مقامات پر وضاحت طلب مسائل سے متعلق مفید اضافوں سے اس کتاب کی اہمیت و افادیت میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اس کتاب میں لائق مصنف نے نہایت قرینے سے مسائل کو بیان کیا ہے۔ اور کسی بھی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا۔ کتاب دس ابواب میں منقسم ہے چند قابل توجہ عنوان یہ ہیں۔ عورتوں کا مقام قبل از اسلام، اسلام میں عورتوں کا مقام و مرتبہ، بناؤ سنگھار سے متعلق احکام، حیض استحاضہ اور نفاس کے مسائل، لباس اور پردے کے مسائل، نماز سے متعلق عورتوں کے مسائل، جنازے سے متعلق عورتوں کے مسائل، روزے سے متعلق، حج عمرہ سے متعلق، ازدواجی زندگی سے متعلق مسائل، خواتین کی عزت و عصمت کے محافظ احکام۔ ان عنوانات پر مصنف نے سیر حاصل بحث کی ہے اور مسائل کو نکھار کر پیش کیا ہے۔ اپنے موضوع پر یہ کتاب ایک انسائیکلوپیڈیا ہے۔ بہنوں کی لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید رہے گا۔ پیپر بیک، خوبصورت ٹائٹل، عمدہ طباعت اور اعلیٰ کاغذ اس کتاب کی اضافی خوبیاں ہیں۔